NATIONAL TEXTILE UNIVERSITY
LIBRARY

Sheikhupura Road,
Faisalabad 37610
Ph # 041-9230081-82
Ext. 148/150

NEWS CLIPPING OF THE DAY

ٹائٹل: حکومت لانگ ٹرم پالیسی بنا رہی ہے: عبدالرزاق دوؤد

ذریعہ: روزنامہ ایکسپریس، صفحہ-8

تاریخ: جمعرات 21 مارچ 2019

فیصل آباد: وزیراعظم کے مشیر عبدالرزاق داؤد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے، ریحان بھراڑہ بھی ہمراہ ہیں

حکومت لانگ ٹرم صنعتی پالیسی بنا رہی ہے: عبدالرزاق داؤد

ملائشیا کے ساتھ ٹیکسٹائل سیکٹر سمیت 20 مصنوعات پر ڈیوٹی فری رسائی مل جائیگی

چین سے تجارت میں بھی ٹیکس فری سہولت ملے گی، مشیر تجارت، این ٹی یو میں خطاب

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد نے کہا ہے کہ حکومت لانگ ٹرم صنعتی اور ٹیکسٹائل پالیسی بنانے جارہی ہے جسکا مقصد صنعتی پیداواری لاگت کم کرنا ہے، ملائشیا کے ساتھ ٹیکسٹائل سیکٹر سمیت 20 مصنوعات پر ڈیوٹی فری رسائی مل جائیگی وزیراعظم کے دورہ (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

19 عبدالرزاق داؤد

چین کے دوران ایف ٹی اے پر دستخط ہونگے جس سے چین کیساتھ تجارت کیلئے ٹیکس فری سہولت مل جائیگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی میں کانفرنس برائے ٹیکسٹائل ویلیو ایڈیشن سے خطاب اور گارمنٹس سٹی میں صنعتکاروں سے گفتگو کرتے کیا۔ عبدالرزاق داؤد نے کہا کہ حکومت کے پاس فنڈز نہ ہونے کے باعث سبسڈی دینے کا آپشن ختم ہوگیا ہے، بین الاقوامی مارکیٹ میں مسابقت کیلئے انڈسٹری کو جدید رجحانات اپنانے ہونگے، معیشت درست سمت میں ہے، پاکستان میں ہنرمند افراد کی کمی ہے، خصوصاً ہنرمند خواتین تیار کرنا ہونگی، ایکسپورٹرز کو ری فنڈ کی ادائیگی کا عمل شروع ہوچکا ہے، ہم صنعتکاروں کو مارکیٹ اور پالیسی مہیا کرینگے مگر صنعتکاروں کو سخت فیصلے کرنا ہونگے، سپننگ انڈسٹریز دنیا کیساتھ مقابلے کیلئے اپنے یونٹس کا سائز بڑھانا ہوگا۔ چیئرمین گارمنٹس سٹی فیصل آباد ریحان نسیم بھراڑہ اور سنیئر وائس چیئرمین پاکستان ہوزری مینوفیکچررز ایسوی ایشن کاشف ضیاء نے بھی خطاب کرتے ہوئے انڈسٹری کی ترقی کیلئے تجاویز دیں۔ اس موقع پر جاپان کے سفیر مسٹر موسداداد موجود تھے جنہوں نے مشیر تجارت ودیگر صنعتکاروں کے ہمراہ گارمنٹس سٹی میں خواتین کے تربیتی سنٹر کا وزٹ کیا اور چیئرمین گارمنٹس سٹی ریحان نسیم بھراڑہ کی طرف سے کیئے گئے اقدامات کو سراہا اور اپنے ہرممکن کا تعاون کا یقین دلایا۔

Please, get connected to **NTU Library** for **CURRENT AWARENESS SERVICES.**